# مولانا شيخ محمد عادل رباني

## ہمیں کونسا ذکر روزانہ پڑھنا چاہیے؟

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته. أعوذ بالله من الشيطان الرجيم. بسم الله الرحمن الرحيم. الصلاة والسلام على رسولنا محمد سيد الأولين والآخرين. مدد يا رسول الله، مدد يا ساداتي أصحاب رسول الله، مدد يا مشايخنا، دستور مولانا الشيخ عبد الله الفائز الداغستاني، شيخ محمد ناظم الحقاني، مدد. طريقتنا الصحبة والخير في الجمعية.

بسمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا

(قرآن ۰۷:۱۸۰). "اور اللہ ہی کے لیے سب سے خوبصورت نام ہیں، لہٰذا تم ان کے ذریعے اسے طلب کرو۔" اللہ عز و جل کے ۹۹ نام ہیں۔ ہمارے رسول ﷺ فرماتے ہیں، "انہیں پڑھو۔" آپ ﷺ یہ بھی فرماتے ہیں، "جس نے انہیں یاد کیا یا پڑھا، وہ جنت میں داخل ہوگا۔" بالکل، اللہ عز و جل کے بہت سے نام ہیں، لیکن ۹۹ نام ہمارے رسول ﷺ کی امت پر ظاہر کیے گئے ہیں۔ اگر ہم روزانہ انہیں پڑھتے ہیں تو یہ بہت اچھا ہے۔ اس طرح، انشاءاللہ، ہمارے رسول ﷺ کی جنت کی بشارت حاصل ہوگی۔ ہمارے رسول ﷺ فرماتے ہیں، "تم جنت میں داخل ہوگے۔"

بالکل، لوگ کبھی کبھی ایسا سوچتے ہیں، "ہم کون سا نام پڑھیں؟" طریقت میں روزانہ "یا ودود" ۳۰۰ مرتبہ پڑھنے کا وظیفہ ہے۔ یہ پڑھنا بہتر ہے۔ یہ لوگوں میں محبت بڑھاتا ہے۔ لوگوں کی طرف سے برائی نہیں آئے گی۔ "ودود" نام کا مطلب جیسے دوستی اور محبت ہیں۔ بالکل، اس کے بہت سارے مطلب ہیں؛ اللہ عز و جل کے نام کے بےانتہا معنی ہیں۔ اللہ ﷻ کا شکر ہے، مولانا شیخ ناظم نے ہمیں اس کی تجویز کی۔ جو طریقت والے ہیں وہ اسے پڑھیں۔ بالکل، اور بھی کئی نام ہیں۔ جو اس کے بارے میں پوچھتے ہیں، "کون سا نام ہم پڑھیں؟"، تو تم تمام ۹۹ نام کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھو اور اس کا ذکر کرو۔ اللہ ﷻ کے ان مبارک اور خوبصورت نام سے برکتیں آتی ہیں، اور ہر قسم کی اچھائی لوگوں تک پہنچتی ہے۔ جو شخص اللہ ﷻ کے ساتھ ہوتا ہے، اس پر ہر قسم کی اچھائی ظاہر ہوتی ہے، وہ خیر حاصل کرتا ہے، اور برائی سے دور رہتا ہے۔

اللہ ﷻ ہمارے دلوں میں اپنا ذکر قائم رکھے، انشاءاللہ۔ اللہ ﷻ اسے انہیں بھی عطا فرمائے جو اسے نہیں پڑھتے۔ کیونکہ آج کل لوگ نہ دین جانتے ہیں، نہ ایمان، نہ رسول ﷺ، نہ اللہ عز و جل۔ وہ خالی زندگیاں گزارتے ہیں۔ اپنے علاوہ دوسروں کو بھی اس خلال میں دھکیل دیتے ہیں یہ کہہ کر، "ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔" حالانکہ وہ اس بات سے بےخبر ہیں کہ ایک انسان کو صرف اللہ ﷻ کے ایک نام کا ذکر کرنے سے کتنے زیادہ فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ ان کے دلوں میں اور چہروں پر نور بھر جاتا ہے، ان کی زندگیاں خوبصورت اور برکت والی بن جاتی ہیں۔ اللہ ﷻ ہمیں ان نعمتوں سے محروم نہ کرے، اور انشاءاللہ انہیں بھی عطا فرمائے جو ابھی تک اسے نہیں پڑھتے۔

و من اللہ التوفیق۔ الفاتحہ۔

www.mawlanasultan.org

# مولانا شيخ محمد عادل رباني

مولانا شیخ محمد عادل الربانی
۰۱ جولائی ۲۰۲۶ / ۱۶ محرم ۱۴۴۸
فجر نماز ـــ اکبابا درگاہ، استانبول